فوری ریلیز کے لیے: 24/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

کلائمیٹ ویک کے دوران گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست بھر کے کسانوں کو آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات کا مقابلہ کرنے میں مدد دینے کے لیے $16.8 ملین کی دستیابی کا اعلان

ریاست کے ماحولیاتی تحفظ فنڈ کے ذریعے فراہم کی جانے والی فنڈنگ سے زرعی فارموں کو پائیداری کی کوششیں بڑھانے اور شدید موسمی واقعات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے میں مدد ملے گی

Climate Resilient Farming Grant Program (موسمیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھنے والی کاشت کاری کے گرانٹ پروگرام) کے لیے درخواستیں پیر، 23 نومبر 2026 تک جمع کروائی جا سکتی ہیں

Climate Week NYC (کلائمیٹ ویک نیو یارک سٹی) کے دوران گورنر Hochul (ہوکل) نے اعلان کیا کہ Climate Resilient Farming (CRF) گرانٹ پروگرام (موسمیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھنے والی کاشت کاری کے گرانٹ پروگرام) کے ذریعے ایسے منصوبوں کے لیے $16.8 ملین دستیاب ہیں جو ریاست نیو یارک بھر میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور پانی کے معیار کے تحفظ میں مدد دیں گے۔ فنڈنگ حاصل کرنے والے منصوبوں کا مقصد نیو یارک کے کسانوں کو گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی، پانی کے معیار کے تحفظ، زمین کی صحت کے تحفظ اور بہتری، اور زرعی فارمز کی مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے میں مدد دینا ہے۔ فنڈنگ کے یہ مواقع گورنر کی ان کوششوں پر استوار ہیں جن کے تحت ایسے پروگراموں اور اقدامات کی معاونت کی جا رہی ہے جو آب و ہوا کی تبدیلی کا مقابلہ کرنے اور ریاست کے قدرتی وسائل کے تحفظ میں مدد دیتے ہیں۔

"یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے کسانوں کو بدلتی ہوئی آب و ہوا کے مطابق خود کو ڈھالنے کے لیے درست وسائل کی فراہمی جاری رکھیں"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "Climate Resilient Farming Program ہمارے کسانوں کو ایسے طریقے اختیار کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جو ہمارے قدرتی وسائل کے تحفظ اور نیو یارک میں زراعت کے مستقبل کی معاونت کے ساتھ ساتھ ان کے زرعی کام کو بھی مضبوط بنائیں گے"۔

نیو یارک کے Environmental Protection Fund (ماحولیاتی تحفظ فنڈ) کے ذریعے مالی معاونت حاصل کرنے والا، CRF پروگرام کسانوں کو گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی، زرعی فارموں پر کاربن کو زمین میں جذب اور محفوظ کرنے کی صلاحیت بڑھانے، اور آب و ہوا کی تبدیلی سے منسلک شدید موسمی حالات، مثلاً شدید طوفانوں کے واقعات میں اضافے، موسم بہار کے آغاز میں پڑنے والی کہر اور خشک سالی کے ادوار کے اثرات میں کمی لانے میں مدد دینے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ یہ پروگرام اب فنڈنگ کے دسویں مرحلے میں ہے اور چار راستوں میں فنڈنگ دستیاب ہے۔

راستہ 1 — انتظامِ مویشیاں: گوبر اور میتھین کا انتظام اور خوراک کے درست اور مؤثر استعمال کا انتظام
منصوبے کھیتوں سے میتھین کے اخراج میں تخفیف کریں گے اور شدید بارشوں کے بڑے واقعات میں کھیتوں کی مزاحمت میں اضافہ کریں گے۔

راستہ 2 - مطابقت پذیری اور لچک
منصوبے زرعی پیداواریوں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات جیسا کہ سیلابی واقعات، خشک سالی اور درجۂ حرارت کے انتہائی اتار چڑھاؤ کے لیے تیار ہونے میں مدد دیں گے۔

راستہ 3 - NY کی صحت مند مٹی (Healthy Soils NY) مٹی کی صحت اور زرعی جنگلات کو فروغ دینے والے نظام اور انتظام کے بہترین طریقے
منصوبے کھیتوں میں مٹی کی صحت کو بہتر بنائیں گے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے خلاف کھیت کی مزاحمت میں اضافہ کریں گے۔ مٹی کی صحت کے لیے طریقہ جات سے کاربن سنکس بھی تخلیق پا سکتے ہیں، پانی کو ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو سکتا ہے اور فصلوں کے ذریعے نائٹروجن کی ری سائیکلنگ میں بہتری جبکہ گرین ہاؤس گیس کے اخراج میں تخفیف ہو سکتی ہے۔

راستہ 4 – زرعی جنگلات کا انتظام
منصوبے جنگلات کے انتظام اور کاربن جذب کرنے کے عمل کی خاطر زرعی زمینوں پر درخت لگانے کے کام میں معاونت کریں گے۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ زراعت و منڈی جات کے کمشنر Richard A. Ball (رچرڈ اے بال) نے کہا، "ہمیں Climate Resilient Farming Program اور اس کے آغاز کے بعد سے اس کے وسیع اثرات پر فخر ہے۔ ہر سال اس پروگرام کے لیے ہماری مٹی اور پانی کے تحفظ کی ڈسٹرکٹس (Soil and Water Conservation Districts) اور آب و ہوا کی تبدیلی سے وابستہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے پائیدار حل تیار کرنے کے خواہاں کسانوں کی جانب سے طلب میں اضافہ ہوا ہے۔ ریاست بھر میں ہم نے جو پیش رفت دیکھی ہے اس کے انتہائی اہم اثرات مرتب ہوئے ہیں اور ہمارا کام ابھی مکمل نہیں ہوا۔ ہم اپنی مٹی اور پانی کے تحفظ کی ڈسٹرکٹس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنے کسانوں کے ساتھ مل کر درخواستیں جمع کروائیں"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کی کمشنر Amanda Lefton (امانڈا لیفٹن) نے کہا، "کسان گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی، صاف ستھرے ماحول اور صحت بخش خوراک کو یقینی بنانے، اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے زیادہ ماحول دوست مستقبل کی جانب پیش رفت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) زرعی شعبے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل سرمایہ کاری کو سراہتا ہے اور ریاست نیو یارک کے محکمۂ زراعت و منڈی جات میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ وہ Climate Resilient Farming Grant Program کے ذریعے کسانوں کو آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے، مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے اور پائیداری بہتر بنانے کے لیے درکار وسائل فراہم کر رہے ہیں"۔

اب تک فنڈنگ کے نو مراحل کے دوران CRF پروگرام کے ذریعے زرعی فارموں کے 713 منصوبوں کے لیے $94 ملین فراہم کیے جا چکے ہیں، جن کے بارے میں اندازہ ہے کہ یہ منصوبے اپنی متوقع مدت کے دوران 639,483 میٹرک ٹن سے زیادہ کاربن ڈائی آکسائیڈ کے مساوی اخراج (CO2e) میں کمی لائیں گے، جو پیٹرول سے چلنے والی 149,163 گاڑیوں کو ایک سال کے لیے سڑکوں سے ہٹانے کے برابر ہے۔
ریاست کے کاؤنٹی کے مٹی اور پانی کے تحفظ کے ڈسٹرکٹس اب کسانوں کی جانب سے ان مسابقتی گرانٹس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مجوزہ منصوبوں کو ریاست نیو یارک کے زرعی ماحولیاتی انتظام (Agricultural Environmental Management, AEM) کے عمل سے متعلق ہونا چاہیے اور وہ مقامی AEM ترجیحات کی معاونت کرتے ہوں۔ درخواست اور اضافی معلومات محکمے کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

منصوبوں کی تجاویز 23 نومبر 2026 کو شام 5:00 بجے تک جمع کروانا ضروری ہیں۔ CRF پروگرام ریاست کے زرعی ماحولیاتی انتظام (Agricultural Environmental Management, AEM) فریم ورک کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے، جو ایک وسیع تر کاوش ہے اور کسانوں کو ماحولیاتی ذمہ داری کے اعلیٰ معیار اور کاشتکاری کے زیادہ مؤثر اور کم خرچ سسٹمز کے حصول میں مدد دیتی ہے۔ کاؤنٹی کے تحفظِ مٹی و پانی کے اضلاع سائنس پر مبنی اور سستے فیصلے کرنے کے لیے منصوبہ بندی اور عمل درآمد کے ذریعے دلچسپی رکھنے والے

کسانوں کی مدد کے لیے AEM فریم ورک استعمال کرتے ہیں۔ نتیجتاً، کسان ریاست کے قدرتی وسائل کو محفوظ رکھتے ہوئے کاروباری اہداف کو پورا کر سکتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کی کمیٹی برائے تحفظِ مٹی و پانی (Soil and Water Conservation Committee) کے چیئرمین Matt Brower (میٹ براؤر) نے کہا، "Climate Resilient Farming Grant Program کے نتیجے میں کسان پہلے ہی ایسے متعدد طریقے اپنا چکے ہیں جو زراعت سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کے ساتھ ساتھ آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں بھی ان کی مدد کرتے ہیں۔ اس پروگرام کے نتیجے میں کسانوں نے دیگر قدرتی وسائل کے تحفظ اور بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے ہیں۔ یہ پروگرام کسانوں اور مٹی اور پانی کے تحفظ کی مقامی ڈسٹرکٹس کے درمیان بہترین باہمی تعاون کی بدولت کامیاب رہا ہے"۔

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey (مشل ہنچی) نے کہا، "نیو یارک کے کسان ہماری غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے فصلیں اگانے کی خاطر انتہائی محنت کرتے ہیں، جبکہ انہیں شدید موسم، حملہ آور کیڑوں اور آب و ہوا کی تبدیلی کے دیگر اثرات کے دباؤ کا بھی سامنا رہتا ہے، جو ان کے روزمرہ کے کام اور فصلوں کی پیداوار کو براہِ راست متاثر کرتے ہیں۔ ہمیں ان کی ضرورت ہے اور انہیں ایسے ریاستی پروگراموں کے ذریعے ہماری بھرپور معاونت درکار ہے جو ہماری مٹی اور پانی کو صحت مند رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ Climate Resilient Farming Grant Program ایسی ہی بنیادی پہل کاریوں میں سے ایک ہے جو یہ معاونت فراہم کر رہی ہیں۔ مجھے Environmental Protection Fund کے ذریعے اس اہم پروگرام کی بھرپور حمایت کرنے میں کردار ادا کرنے پر فخر ہے، اور میں مٹی اور پانی کے تحفظ کی ڈسٹرکٹس کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ مقامی کسانوں کے ساتھ مل کر ان گرانٹس کے لیے درخواستیں جمع کروائیں"۔

رُکنِ اسمبلی Donna Lupardo (ڈونا لوپارڈو) نے کہا، "مسلسل دسویں سال نیو یارک کا Climate Resilient Farming Program کسانوں کو وہ وسائل فراہم کرے گا جن کی انہیں اپنے زرعی کام کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ ہمارے قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے ضرورت ہے۔ یہ سرمایہ کاریاں کسانوں کو مٹی کی صحت بہتر بنانے، پانی کے معیار کا تحفظ کرنے، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے اور شدید موسمی حالات کے اثرات کے لیے تیاری کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ اس اہم پروگرام کے لیے فنڈنگ ہمیشہ بجٹ کی اولین ترجیحات میں شامل رہتی ہے اور ہم اپنی مٹی اور پانی کے تحفظ کی ڈسٹرکٹس کی بھرپور حوصلہ افزائی کر رہے ہیں کہ وہ کسانوں کے ساتھ مل کر ان مواقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں"۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی موسمیاتی ایجنڈے سے وابستگی

گورنر کی قیادت میں مالی سال 2027 کا بجٹ ماحولیاتی تحفظ فنڈ کے ذریعے زرعی پروگرامز اور اقدامات کے لیے 83$ ملین فراہم کرتا ہے، بشمول زرعی غیر نقطہ ماخذ آلودگی میں کمی اور کنٹرول پروگرام اور آب و ہوا سے مزاحم کاشتکاری گرانٹ پروگرام، جو فارمز کو ماحولیاتی طور پر مستحکم طریقہ کار اپنانے اور آب و ہوا کی تبدیلی کا مقابلہ کرنے میں مدد دے رہے ہیں۔

اس میں مٹی اور پانی کے تحفظ کے ڈسٹرکٹس کے لیے 1$ ملین کا اضافہ، کلائمٹ ریزیلیئنٹ فارمنگ پروگرام کے لیے مسلسل فنڈنگ اور نئے اقدامات کی معاونت شامل ہے جیسے ایسٹرن فنگر لیکس کوالیشن (Eastern Finger Lakes Coalition)، جو مٹی اور پانی کے تحفظ کے ڈسٹرکٹس کی ایسٹرن فنگر لیکس کوالیشن میں اہم سرمایہ کاریوں کی رہنمائی کرے گا تاکہ کھیتوں اور کمیونٹیز میں زرعی اور مزاحمتی قوت سے متعلق پروجیکٹس کی معاونت کی جائے۔ اس میں کسانوں کو مزید کور فصلوں کی کاشت میں سرمایہ کاری کے لیے معاونت، مقامی آبادیوں کو مٹی کے کٹاؤ اور بہہ کر آبی ذخائر میں جانے والے پانی کو کم کرنے کے لیے سڑکوں اور راستوں کے نیچے پانی گزارنے والی گزرگاہوں کو بہتر بنانے میں مدد، اور خطے میں زمین کی صحت بہتر بنانے اور پانی کے معیار کو متاثر کرنے والے عوامل میں کمی لانے کے لیے دیگر سرمایہ کاریاں بھی شامل ہوں گی۔

اس کے علاوہ، رائے دہندگان سے منظور شدہ 2022 کا 4.2$ بلین صاف پانی، صاف ہوا اور گرین جابز سے متعلق ماحولیاتی بانڈ ایکٹ پرانے ہوتے ہوئے آبی بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور پانی کے معیار کا تحفظ کرنے، شدید طوفانوں اور سیلاب کا مقابلہ کرنے کے لیے کمیونٹیز کی صلاحیت کو مضبوط بنانے، فضائی آلودگی اور آب و ہوا

میں تبدیلی لانے والے اخراج کو کم کرنے، قدرتی مساکن کو بحال کرنے، اور بیرونی مقامات اور مقامی فارمز کے تحفظ کے لیے تاریخی سطح کی فنڈنگ کو آگے بڑھا رہا ہے۔

ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا
ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا صاف توانائی والی معیشت کی جانب ایسی حسب استطاعت اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کو سہارا دینے والی ملازمتیں پیدا کرے، سبز سرمایہ کاریوں کے ذریعے اقتصادی ترقی کو فروغ دے، اور کم از کم 40 فیصد فوائد کو پسماندہ کمیونٹیز کی جانب مرکوز کرے۔ نیو یارک کی جانب سے اخراجوں سے پاک معیشت حاصل کرنے کے لیے توانائی، عمارات، نقل و حمل، اور کچرے کے شعبوں میں متعدد اقدامات میں پیش رفت کی جا رہی ہے۔ ریاست $2 بلین کے تاریخی مستحکم مستقبل پروگرام (Sustainable Future Program) کی تقسیم پر بھی کام کر رہی ہے جو اخراج کو کم کرنے، گھرانوں کے توانائی اخراجات گھٹانے اور ماحول دوست ملازمتوں کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ہدفی فنڈنگ فراہم کرے گا۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔